CAREERINDIA

**SET-3**

Series **SGN**

کوڈ نمبر Code No. **251/3**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 8 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 24 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **24** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# معیشت

# ECONOMICS

## (Urdu Version)

وقت : ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

CAREERINDIA

## عام ہدایات:

(i) دونوں سیکشنوں کے سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لیے مخصوص نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 4 اور 13 سے 16 تک نمبر کے سوال بہت چھوٹے جواب والے سوالات ہیں اور ایک ایک نمبر کے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب ایک ایک جملے میں دیا جا سکتا ہے۔

(iv) سوال نمبر 5 سے 6 اور 17 سے 18 تک چھوٹے جواب والے سوالات ہیں۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 60 الفاظ تک ہو سکتا ہے۔ یہ سوال تین تین نمبروں کے ہیں۔

(v) سوال نمبر 7 سے 9 اور 19 سے 21 تک بھی چھوٹے جواب والے سوالات ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا جواب 70 الفاظ تک کا ہو سکتا ہے۔ یہ سوال چار چار نمبروں کے ہیں۔

(vi) سوال نمبر 10 سے 12 اور 22 سے 24 تک ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ اور اس کا جواب عام طور پر 100 الفاظ کا ہو سکتا ہے۔

(vii) آپ کے ہر سوال کا جواب مختصر اور صحیح ہونا چاہیے اور مقرر بالا حد کے اندر رہنا چاہیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصّہ - A

**1۔** مندرجہ ذیل میں کیا ہے جو کسی چیز کے رسد منحنی (Supply Curve) میں تبدیلی نہیں لاتی : 1

(مناسب متبادل کا انتخاب کیجیے)

(a) ان پُٹ کی قیمت

(b) چیز کی قیمت

(c) گڈس اینڈ سروسز ٹیکس

(d) سبسڈی

**2۔** پیداوار کی کس سطح پر کل لاگت، کل فکسڈ لاگت کے مساوی ہو جاتی ہے۔ 1

**3۔** اتفاقی لاگت کی تعریف کیجیے۔ 1

**4۔** مندرجہ ذیل میں سے قیمت میں لوچ کا کون سا طریقہ لوچدار سپلائی کو ظاہر کرتا ہے:

(درست متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) 0

(b) 0·5

(c) 1·0

(d) 1·5

**5۔** کن حالات میں پیداوار کے امکان کا منحنی شفٹ ہو سکتا ہے؟ سمجھائیے۔ 3

**یا**

''کس چیز کی پیداوار کی جائے اور کتنی مقدار میں'' کی شکل میں مرکزی مسئلہ سمجھائیے۔ 3

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**6.** کوئی صارف 20 روپئے فی عدد کے حساب سے ایک چیز 200 عدد خریدتا ہے۔
مانگ کی قیمت لوچ 2(-) ہے۔ کس قیمت پر 300 عدد خریدنے کو تیار ہوگا ؟
حساب لگائیے۔ 3

**7.** پروڈیوسر کے توازن کی شرطیں بیان کیجیے۔ 4

**8.** ''مکمل مسابقت میں فرموں کے آزادانہ داخلے اور چھوڑنے کی آزادی'' کے اثرات سمجھائیے۔ 4

**9.** اگر ایک صارف کی آمدنی 100 روپیہ ہے، اور وہ دو اشیاء X اور Y خریدتا ہے، جن کی قیمت
بالترتیب 10 روپیہ اور 5 روپے ہے، تو اُس صارف کی خط بجٹ Equation لکھیے۔ 4

یا

ادلابدلی کی حاشیائی تعریف کیجیے۔ Indifference curve پر اس کے عمل کی
وضاحت کیجیے۔ 4

**10.** پرائس فلور کا مطلب سمجھائیے۔ پرائس فلور کے اثرات کی وضاحت کیجیے۔ 6

یا

کسی چیز کا بازار توازن میں ہے۔ چیز کی مانگ میں 'کمی' آئی ہے۔ اس تبدیلی میں سلسلہ وار اثر کو
سمجھائیے۔ 6

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**11۔** کوئی صارف محض دو چیزوں X اور Y کا استعمال کرتا ہے۔ افادیت کے تجربے کے ذریعے صارف کے توازن کی شرطیں سمجھائیے۔ 6

**12۔** اوسط متغیّر لاگت کا منحنی، اوسط کل لاگت کا منحنی اور حاشیائی لاگت کا منحنی ایک ہی ڈائگرام میں بنائیے۔ تعلق بتائیے۔ (a) AVC curve اور ATC curve کے درمیان (b) MC curve اور AVC اور ATC curve کے درمیان 6

***نوٹ : مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 12 کے بدلے۔***

اوسط متغیر لاگت، اوسط کل لاگت اور حاشیائی لاگت کی ایک فہرست تیار کیجیے۔ فہرست کی بنیاد پر حاشیائی لاگت، اوسط متغیر لاگت اور اوسط کل لاگت کے درمیان تعلق کو سمجھائیے 6

www.careerindia.com

## حصّہ - B

**13۔** تجارتی بینکوں کے ذریعے ساکھ کی تشکیل کا تعین ہوتا ہے:

(درست متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) کیش ریزرو ریشو (CRR)

(b) قانونی لکوڈٹی ریشو (SLR)

(c) ابتدائی جمعیں

(d) مندرجہ بالا میں سے ہر ایک

CAREERINDIA

**14۔** باہری اثر کی ایک مثال دیجیے۔ 1

**15۔** مجموعی سپلائی کی تعریف کیجیے۔ 1

**16۔** منی سپلائی کے $M_1$ میزر کے دو گھٹکوں کے نام بتائیے۔ 1

**17۔** سرمایہ والی اشیاء سے کیا مراد ہے؟۔ یہ اشیاء صرف سے کس طرح الگ ہیں۔ 3

**یا**

مناسب مثالوں کے ساتھ اسٹاک اور فلو ویریابلیس (flow variables) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ 3

**18۔** سرمایہ کاری کا ضارب میکانزم سمجھائیے۔ 3

**19۔** کسی معیشت میں آپ مکمل روزگار سے کیا سمجھتے ہیں۔ کیا ہوتا ہے جب اوسط طلب اور اوسط رسد مکمل روزگاری آمدنی کی سطح پر مطابقت نہ رکھتے ہوں۔ وضاحت کیجیے۔ 4

**یا**

آمدنی کی سطح توازن کا تعین کرنے کے دو متبادل طریقے کون سے ہیں۔ اُن کا آپس میں کیا تعلق ہے؟۔ 4

**20۔** متوقع کنزمپشن کیا ہے؟ خودمختار صرف (Autonomous) اور ترغیبی صرف (Induced Consumption) کے درمیان فرق بتائیے۔ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA

21۔ مالیاتی پالیسی کیا ہے۔ مالیاتی پالیسی کے کنہی تین دستاویز کی وضاحت کیجیے۔ 4

22۔ (a) آپریٹنگ سرپلس ، اور (b) قومی آمدنی کا حساب لگائیے۔ 6

(روپے کروڑوں میں)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ملازمین کا معاوضہ | 2,000 |
| (ii) | کرایہ اور سود | 800 |
| (iii) | بالواسطہ ٹیکس | 120 |
| (iv) | کارپوریشن ٹیکس | 460 |
| (v) | قائم سرمائے کی کھپت | 100 |
| (vi) | سبسڈی | 20 |
| (vii) | منافع میں حصہ | 940 |
| (viii) | غیر تقسیم شدہ منافع | 300 |
| (ix) | بیرون ملک کو خالص عامل آمدنی | 150 |
| (x) | مخلوط آمدنی | 200 |

23۔ سرکاری بجٹ کیا ہے؟ اُس کے اجزا اور ذیلی اجزا کی وضاحت کیجیے۔ 6

**یا**

(a) وسائل کو مختص کرنا اور (b) سرکاری بجٹ کے معاشی استحکام کے مقاصد کی وضاحت کیجیے۔ 6

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**24۔** مندرجہ ذیل کا مطلب مختصراً بیان کیجیے۔

(i) فکسڈ ایکسچینج ریٹ (Fixed Exchange Rate)

(ii) فلکسیبل ایکسچینج ریٹ (Flexible Exchange Rate)

(iii) مینیجیڈ فلوٹنگ ایکسچینج ریٹ (Managed Floating Exchange Rate)

www.careerindia.com